اخبار الجامعة و الجماعة

جامع مسجد ابوبکرؓ اہل حدیث ڈھوک جمعہ میں عظیم الشان سیرت النبی ﷺ کانفرنس

مورخہ 20 اکتوبر بروز جمعرات بعد از نماز عشاء جامع مسجد ابوبکرؓ اہل حدیث ڈھوک جمعہ میں عظیم الشان سیرت النبی ﷺ کانفرنس منعقد ہوئی، پروگرام کا آغاز حافظ اسامہ زکریا متعلم جامعہ کی تلاوت سے ہوا۔ اسٹیج سیکرٹری کے فرائض مولانا خرم شہزاد خطیب مسجد ہذا نے سرانجام دیئے۔ کانفرنس سے ننھے خطیب حذیفہ ابوبکر، مولانا قطب شاہ اور مولانا منظور احمد آف گوجرانوالہ نے خطاب کیا۔ اس کانفرنس میں جہلم شہر اور گردونواح سے کافی تعداد میں لوگوں نے شرکت کی۔

جامع مسجد محمدی اہل حدیث پنڈی سید پور تحصیل پنڈ دادنخان میں عظیم الشان سیرت ساقی کوثر ﷺ کانفرنس

مورخہ 29 اکتوبر بروز ہفتہ بعد نماز عشاء جامع مسجد محمدی اہل حدیث پنڈی سید پور تحصیل پنڈ دادنخان میں عظیم الشان سیرت ساقی کوثر ﷺ کانفرنس زیر صدارت رئیس الجامعہ حافظ عبدالحمید عامر منعقد ہوئی۔ پروگرام کا آغاز قاری شفیق الرحمٰن امام مسجد ہذا کی تلاوت سے ہوا۔ کانفرنس سے نائب مدیر الجامعہ حافظ عبدالغفور مدنی (فاضل مدینہ یونیورسٹی)، مولانا صفی الرحمٰن ربانی اور شیر ربانی قاری محمد حنیف ربانی آف کامونکی نے خطاب کیا۔ رئیس الجامعہ کے صدارتی اور دعائیہ کلمات سے یہ کانفرنس تکمیل پذیر ہوئی۔ اس کانفرنس میں پنڈی سید پور کے علاوہ اعوان پورہ گھوڑہ، ٹھل، دھریالہ جالپ، پنڈ دادنخان، بھیلووال، خورداور منڈی بہاؤالدین سے کافی تعداد میں لوگوں نے شرکت کی۔

جامع مسجد اہل حدیث سوہاوہ میں نویں عظیم الشان سیرت رحمت عالم ﷺ کانفرنس

مورخہ 29 نومبر بروز منگل بعد نماز عشاء مرکزی جامع مسجد اہل حدیث سوہاوہ میں نویں عظیم الشان سیرت رحمت عالم ﷺ کانفرنس منعقد ہوئی۔ پروگرام کا آغاز قاری عبدالقدیر نگران شعبہ حفظ اُثریہ ایجوکیشن سسٹم کی تلاوت سے ہوا، حافظ نعمان منیر متعلم جامعہ اثریہ نے شانِ صحابہ رضی اللہ عنہم کے موضوع پر نظم پڑھی۔ اسٹیج سیکرٹری کے فرائض مولانا قطب شاہ نے سرانجام دیئے۔ کانفرنس سے مولانا نوید احمد بشار، نائب مدیر الجامعہ حافظ عبدالغفور مدنی (فاضل مدینہ یونیورسٹی) مناظر اسلام مولانا محمد عمر صدیق آف گوجرانوالہ اور مولانا محمد نواز چیمہ نے خطاب کیا۔

پروگرام کے آخر میں حافظ محمد زبیر عمر اور ان کے رفقاء نے شرکاء کی ضیافت کا اہتمام کیا۔ اس پروگرام میں جہلم سے انجمن اہل حدیث کے سیکرٹری جناب صدیق احمد یوسفی اور ناظم مالیات جناب سیٹھی محمد ارشد کے علاوہ دینہ، ڈھوک صوبیدار، ڈومیلی، بڑا گواہ، گوجر خان، سوہاوہ اور گرد و نواح سے کافی تعداد میں لوگوں نے شرکت کی۔

جامع مسجد الٰہ اہل حدیث پوران میں شانِ مصطفیٰ ﷺ کانفرنس

مورخہ 13 دسمبر بروز منگل بعد از نماز عشاء جامع مسجد الٰہ اہل حدیث پوران میں فقید المثال شانِ مصطفیٰ ﷺ کانفرنس منعقد ہوئی۔ پروگرام کا آغاز حافظ عبید اللہ بن میاں محمد الیاس آف کھوہار کی تلاوت قرآن مجید سے ہوا۔ اسٹیج سیکرٹری کے فرائض مولانا قطب شاہ نے سرانجام دیئے۔ رئیس الجامعہ حافظ عبدالحمید عامر کے بیرون ملک ہونے کی وجہ سے صدارتی خطبہ نائب مدیر الجامعہ حافظ عبدالغفور مدنی نے ارشاد فرمایا۔ کانفرنس سے حافظ محمد فہد ناظم اعلیٰ مرکزیہ منڈی بہاؤالدین، مولانا نوید احمد بشار مدرس جامعہ علوم اثریہ اور مناظر اسلام حضرت مولانا محمد نواز چیمہ خطیب لاہور نے خطاب کیا۔ اس کانفرنس میں پوران اور گرد و نواح سے لوگوں نے بھرپور شرکت کی۔

جامع مسجد نور اہل حدیث نور محلہ دینہ میں مقامِ مصطفیٰ ﷺ جلسہ

مورخہ 15 دسمبر بروز جمعرات بعد نماز ظہر جامع مسجد نور اہل حدیث دینہ میں عظیم الشان جلسہ مقامِ مصطفیٰ ﷺ کے مقدس موضوع پر منعقد ہوا۔ جلسہ کا آغاز تلاوت قرآن مجید سے ہوا، اسٹیج سیکرٹری کے فرائض قاری محمد اسحٰق امام مسجد ہذا نے سرانجام دیئے۔ جلسہ سے معروف عالم دین حضرت مولانا محمد یوسف پسروری نے مفصل خطاب کیا۔ نماز عصر کے بعد شرکاء کی پُرتکلف ضیافت کی گئی۔

وفیات

عمران ناز (قصبہ کریالی سرائے عالمگیر) کو صدمہ

مورخہ یکم نومبر بروز منگل نوفل ناز و زین ناز کے والد امین ناز صدر کسان بورڈ سرائے عالمگیر قصبہ کریالی میں وفات پا گئے۔ انا للہ وانا الیہ راجعون. مرحوم جامع مسجد ابوبکرؓ اہل حدیث قصبہ کریالی کے نمازی، نیک اور بااخلاق انسان تھے۔ مرحوم کی نماز جنازہ رئیس الجامعہ حافظ عبدالحمید عامر نے پڑھائی۔